20

آیات نمبر 135 تا 141 میں اس بات کی وضاحت کہ بنی اسرائیل اور بنی اسمٰعیل دونوں ہی ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور محمد رسول اللہ ﷺ جن کا تعلق بنی اسمٰعیل سے ہے، دراصل ابراہیم علیہ السلام کے دین ہی کی پیروی کر رہے ہیں اور یہ کہ بنی اسرائیل کے جد امجد یعقوب علیہ السلام بھی اسی دین کی پیروی کرتے تھے

وَ قَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِیْفًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۳۵﴾ اور اہلِ کتاب مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ یہودیت یا نصرانیت اختیار کر لو تو ہدایت پا جاؤ گے، آپ فرما دیجئے کہ یہ ممکن نہیں کیونکہ ہم نے تو ابراہیم (علیہ السّلام) کی ملت اختیار کی ہوئی ہے جو سب سے منہ موڑ کر صرف اللہ کی طرف متوجہ تھے، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے جبکہ یہود اور نصاریٰ کے کچھ گروہ شرک کے مرتکب تھے۔ یہود کے کچھ گروہ اپنے نبی حضرت عذیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مانتے تھے اور نصاریٰ کے کچھ گروہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مانتے تھے قُوْلُوْۤا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ وَ مَاۤ اُوْتِیَ مُوْسٰى وَ عِیْسٰى وَ مَاۤ اُوْتِیَ النَّبِیُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ آپ فرما دیجئے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور اس پر بھی جو ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب (علیہم السلام) اور ان کی اولاد کی طرف بھیجا گیا اور اس پر بھی جو موسیٰ اور عیسیٰ (علیہما السلام) کو عطا کیا گیا اور جو دوسرے انبیاء (علیہم السلام) کو ان کے رب کی طرف



سے عطا کیا گیا لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٦﴾ ہم ان
تمام رسولوں میں سے کسی میں بھی فرق نہیں کرتے، اور ہم اللہ ہی کے فرماں بردار
ہیں فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَاۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا
هُمْ فِیْ شِقَاقٍ ۚ پھر اگر یہ اہل کتاب بھی اسی طرح ایمان لے لائیں جیسے تم ایمان
لائے ہو تو بیشک وہ ہدایت یافتہ ہو جائیں گے، اور اگر یہ منہ پھیر لیں تو پھر سمجھ لو کہ یہ
صرف اپنی ضد کی وجہ سے اڑے ہوئے ہیں فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَ هُوَ
السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿١٣٧﴾ پس ان کے مقابلہ میں اللہ ہی تمہاری حمایت کے لئے کافی
ہے، اور وہ خوب سننے والا اور جاننے والا ہے صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَ مَنْ اَحْسَنُ مِنَ
اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّ نَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿١٣٨﴾ اللہ کا رنگ اختیار کر لو! اور کس کا رنگ اللہ
کے رنگ سے بہتر ہو سکتا ہے اور ہم تو اسی کے عبادت گزار ہیں قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا
فِی اللّٰهِ وَ هُوَ رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ ۚ وَ لَنَاۤ اَعْمَالُنَا وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَ نَحْنُ لَهٗ
مُخْلِصُوْنَ ﴿١٣٩﴾ اے نبی (ﷺ)! آپ ان سے کہہ دیجئے کہ کیا تم اللہ کے بارے میں
ہم سے جھگڑتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی رب ہے، اور تمہارا بھی رب ہے اور ہمارے
اعمال ہمارے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے ہیں، اور ہم تو خالص اسی کے
اطاعت گزار ہیں اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ
وَ الْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ اے
اہلِ کتاب! کیا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب (علیہم السلام)

اور ان کی اولاد یہودی یا نصرانی تھے، آپ ان سے پوچھئے کہ کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ
؟ وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ
عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو ایسی گواہی کو چھپائے جو
اللہ کی جانب سے اس کے پاس موجود ہے، اور جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ اس سے بے
خبر نہیں ہے تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ لَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَ
لَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ وہ ایک امّت تھی جو گزر چکی، ان کے کمائے
ہوئے اعمال ان کے لئے تھے اور تمہارے کمائے ہوئے اعمال تمہارے لئے ہوں گے
، اور تم سے ان کے اعمال کی بازپرس نہیں ہو گی رکوع [۱۶]

[# 20]

In verses 135 to 141, it is explained that both Bani Israel and Bani Ismail are the descendants of Ibrahim and that Muhammad (peace be upon him), the Messenger of Allah, who is related to Bani Ismail, is actually following the religion of Ibrahim and That the ancestor of Bani Israel, Yaqub also followed the same religion

وَ قَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾

They say [to the believers]: Become Jew or Christian, you will be guided. [O Muhammad], Say: [this is not possible because] we have adopted the religion of Abraham who turned away from everything and worshiped only Allah, and he was not one of those who associate partners with Allah.

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَ مَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى
اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ وَمَآ
اُوْتِيَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ

Say: We believe in Allah and in what has been revealed to us and in what was sent to Abraham and Ishmael and Ishaq and Yaqoob, and their descendants and also in what was sent to Moses and Jesus, and that, which was bestowed upon the other Prophets by their Lord.

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٦﴾

We do not differentiate between any of these messengers, and we [as muslims], submit to Allah.

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ
تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِیْ شِقَاقٍ ۚ

Then if they [people of the Book] believe in the same way as you have believed, they will surely be guided, and if they turn away, Indeed it is only because of their stubbornness.

فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۳۷﴾

So, Allah alone is sufficient for you against them, and He is All-Hearing and All-Knowing

صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَ مَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫ وَّ نَحْنُ لَهٗ
عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

[We have taken] the color (religion) of Allah; and whose color (religion) is better than that of Allah? And only Him do we worship.

قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا
وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَ نَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ ۙ

[O Prophet!] Say to them: Do you argue with us about Allah, even though He is our Lord and your Lord, and our deeds are for us and your deeds are for you, and we truly obey Him.

اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ
الْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ
اللّٰهُ ؕ

[O People of the Book!] Do you say that Abraham and Ishmael and Ishaq and Yaqub and their descendants were Jews or Christians, [O Prophet!] Say to them: whether you know more or Allah.

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ
بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤٠﴾

And who can be more unjust than one, who conceals a testimony that is with him from Allah, and Allah is not unaware of what you do.

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ

وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٤١﴾ ركوع [١٦]

That was a community which has passed on, they shall receive the reward of what they earned, and you of what you earn. And you will not be asked about what they used to do.